بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

Share

Job Vacancies in Japan. www.findemployment.com
Find job vacancy in your location Search the right vacancies for you.
Ads by Google

ناظم آباد میں بھتہ مافیا کی جانب سے پرچیاں تقسیم، مکین خوف و ہراس کا شکار

پولیس رینجرز خاموش ہیں، علاقہ مکین، کسی نے شکایت درج نہیں کرائی، ایس ایچ او

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناظم آباد کے مختلف علاقوں میں علاقہ مکینوں کو بھتہ مافیا کی جانب سے بھتے کی پرچیاں تقسیم کی گئی ہیں۔ رقوم کی عدم ادائیگی پر علاقہ مکینوں کو قتل کی دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ناظم آباد کے علاقے ناظم آباد نمبر 4، ناظم آباد نمبر 2 سمیت دیگر علاقوں میں مافیا نے گھروں پر بھتے کی پرچیاں تقسیم کی ہیں اور رقم کی عدم ادائیگی پر قتل کی دھمکیاں بھی دی گئی ہیں، علاقے میں جرائم پیشہ افراد کی سرگرمیاں بھی تیز ہوگئی ہیں جس کے باعث علاقہ مکین شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بھتہ خور اور دہشت گرد شہر کے تجارتی مراکز، شادی ہالوں اور مارکیٹوں سے بھتہ وصول کرتے رہے اور پولیس خاموش تماشائی بنی رہی اب ان بھتہ خوروں نے ناظم آباد کے رہائشیوں کو بھی بھتے کی پرچیاں تقسیم کردی ہیں جس کی وجہ سے علاقہ مکین شدید خوف کا شکار ہیں جبکہ پولیس، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش تماشائی بنے ہیں۔ دریں اثناء ناظم آباد کے ایس ایچ او فریال بھٹی نے بتایا کہ علاقہ مکینوں نے تھانے میں شکایت درج نہیں کرائی تاہم اسکے باوجود ناظم آباد کے مختلف علاقوں میں موبائل گشت میں اضافہ کردیا گیا ہے اور سادہ لباس اہلکار بھی علاقے میں ڈیوٹی دے رہے ہیں۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے